Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ ماہ رجب المرجب ۱۳۴۴ھ مطابق یکم فروری سنہ ۱۹۲۶ء	جلد ۳۸

فہرست مضامین

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۵ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ صاحب فائنانس سکریٹری بہادر دربارہ منظوری اضافہ مبلغ دس روپیہ منشی نسیم الزمان اڈیٹر سررشتہ آڈٹ بوجہ قربت دیگی تنخواہ و قدامت از یکم جنوری سنہ حال۔

حکم

نسیم الزمان اڈیٹر سررشتہ آڈٹ کی موجودہ تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے ۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۵ جنوری ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری اضافہ مبلغ دس روپیہ ماہوار منشی رنجیت بہادر اہلمد سیکشن تحریر باعتبار حسن خدمات ۔

حکم

رنجیت بہادر اہلمد آڈٹ کی تنخواہ موجودہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے ۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۵ جنوری ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر دربارہ اضافہ تنخواہ منشی بھگوانداس سب اڈیٹر سررشتہ آڈٹ بلحاظ ہوشیاری و دیانت و محنت ۔

حکم

بھگوانداس سب اڈیٹر سررشتہ آڈٹ کی تنخواہ موجودہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے ۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

عہدہ مع اضافہ

۲۵ جنوری ۱۹۲۶ء

بعد ورود مثل و جواب صاحب چیف سکریٹری بہادر مرقومہ ۲۳ جنوری ۱۹۲۶ء دربارہ ترقی جیسان خان ولد عثمان خان سپاہی متعینہ تھانہ گنج بعہدہ ہیڈ کانسٹبلی بمشاہرہ [illegible] روپیہ ماہوار حسب منشاء حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم وملکہم بجائے چیلا خان ہیڈ کانسٹبل متعینہ صیغہ ذات خاص ۔

حکم

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم وملکہم احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تنزل

۲۷ جنوری ۱۹۲۶ء

بملاحظہ کاغذات نتیجہ مقدمہ ۳۰۲ تعزیرات ہند مجلوکی دھرمان سکنہ بہتیر گاؤں پرگنہ شاہ آباد باظہار رہائی ملزم بعدم ثبوت مشمولہ حکم اجلاس ہذا نمبر ۳۱۵ ۱۴ نومبر ۱۹۲۵ء بابتہ طلبی جواب تفتیش کنندہ قصور وار مع رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بوجہ رہائی ملزم ۔ و نوٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مرقومہ ۱۹ جنوری ۱۹۲۶ء بعد الحکم اجلاس ہذا نمبر ۳۱۶ باظہار شکایت شمس الدین خان سب انسپکٹر تفتیش کنندہ مقدمہ مذکور متعینہ تھانہ شاہ آباد بابت رشوت ستانی مبلغ مع نتیجہ مقدمہ مذکور و خراب کردینے مقدمہ و تجویز تنزل سب انسپکٹر مذکور مشاہرہ دار [illegible] پر

حکم

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس شمس الدین سب انسپکٹر کا تنزل پچاس سے تیس روپیہ پر کیا جائے ۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۲۷ جنوری ۱۹۲۶ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے ۔ سردار بہادر گرداور نے درخواست صاحب مہتمم بندوبست کو دی تھی کہ آب و ہوا شوار کی ناموافق ہے کنٹرین کا تبادلہ تحصیل ملک یا صدر تحصیل کو فرمایا جائے ۔ اگر یہ ہو تو دفتر صدر میں تبدیل کر دیا جائے ۔ سارٹیفکٹ ڈاکٹری بھی سردار بہادر نے ہمرشتہ کیا ہے ۔ منور حسین خان گرداور کی غیر حاضری و خرابی کام کی شکایات برابر تحصیل بلاسپور سے آرہی ہیں ۔ صاحب مہتمم بندوبست نے اُنکے تنزل کی رپورٹ کی تھی لیکن بطریق حجت ایک موقع منور حسین خان کو بذریعہ تبادلہ اور دیا جاتا ہے ۔ اگر اب بھی جائے تبادلہ اُنہوں نے اپنی سستی اور غیر حاضری کو ترک نہ کیا تو اُنکے متعلق سزائے تنزل یا برخاستگی یقینی

صدر۔ جو مناسب ہوگا تجویز کیجائیگی۔ لہذا بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

سردار بہادر گرداور کا تبادلہ سوار سے تحصیل شاہ آباد کو اور رعایت علی گرداور کا تبادلہ شاہ آباد سے بلاسپور کو۔ منور حسین خان گرداور کا تبادلہ بلاسپور سے سوار کو کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ تحصیلدار سوار کو لکھا جائے کہ منور حسین خان جب تحصیل سوار مین آجائے تو سہ ماہی رپورٹ اسکی حاضری اور کام کی انجام دہی کی کہ اسکے پاس کام زیادہ تو نہین ہے۔ چھ ماہ تک بھیجی جائے۔ تاکہ سوار مین بھی اسکا کام خراب پایا جائے تو حکم مناسب دیا جائے۔ ہرسہ گرداوران اپنی اپنی تنخواہ پائینگے۔ ایک نقل بخدمت صاحب مہتمم بندوبست مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲۱ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

۱۹ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء کو اجلاس ہمایون سے رخصت رعایتی چار ماہ مولوی سید عبدالعزیز صاحب بوجہ بیماری منظور ہوئی ہے۔ لہذا حسب منشاء حکم اجلاس ہمایون بحیثیت منظوری رخصت مولوی سید عبدالعزیز صاحب احکام ضابطہ جاری ہون اور مولوی صاحب کو اطلاع دیجائے کہ ماہ بماہ اپنی حیات کی تصدیق کسی سربرآوردہ شخص سے مثل آنریری مجسٹریٹ وغیرہ کے کراکر بھیجا کرین ناظر اجلاس بعد موصول حیات نامہ تنخواہ بذریعہ منی آرڈر بھیجا کرین۔ اور نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۵ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

مثل تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت یک ہفتہ ڈاکٹر کاظم علی سب اسسٹنٹ سرجن شفاخانہ ملک از ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء تا ۲۹ ماہ مذکور بوضع تنخواہ بکارگذاری کمپونڈر۔

حکم

ڈاکٹر کاظم علی متعینہ شفاخانہ ملک کی رخصت ایک ہفتہ ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء سے بوضع تنخواہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایام رخصت مین کمپونڈر شفاخانہ ملک کام کا ذمہ دار رہیگا۔

تجدید سند وکالت

۲۰ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

مشمولہ کاغذات درخواست محمد شفیع وکیل درجہ دوم مشروطہ بامتحان باسند جاری تجدید سند وکالت برائے سال حال مع عذر بیماری بوجہ نہ داخل کرنے درخواست تجدید سند وکالت وقت مقررہ پر

حکم

تجدید سند سال رواں کے لئے حسب ضابطہ کیجائے۔ اور آیندہ ہدایت کیجائے کہ وقت پر درخواست تجدید سند پیش کرین حکم ہذا درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے۔ خود بھی خرید فرما کر پڑھئے اور احباب کو دکھائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے۔ اس کی عمدگی اس کے نام سے ظاہر ہے جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲؍ ہے

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اس میں خداوند عالم کے وجود اس کی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اس کی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲؍ ہے۔

خصائص مصطفویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات میں ہے جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اس میں اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک ۲؍ ہے۔

جس قدر نسخے مطلوب ہوں درخواست مہتمم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت میں ارسال ہو۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپ کر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء ۲۴ لغایت ۳۰ جنوری ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰ ۴ر		۵ ۰	۱۵ر	۱۰ ۴ر	۱۵ر	
نخود خالص	۱۰ ۶ر		۱۸ر	۱۰ ۴ر	۱۴ر	۱۰ ۹ر	
نخود کنکر آمیز	۱۸ر		۱۴ر	۱۴ر	۰	۱۰ ۹ر	
کرتہ	۱۰ ۸ر		۱۶ر	۱۰ ۸ر	۰	۱۶ر	
ماش	۱۵ر		۱۰ ۵ر	۱۰ ۵ر	۰	۱۵ر	
مونگ	۱۵ر		۱۵ر		۰	۱۰ ۵	
مکا	۱۰ ۷ر		۱۰ ۷ر	۱۴ر	۱۰ ۵ر	۱۷ر	
جئی	۱۰ ۵ر		۰	۱۸ر	۰	۱۹ر	
گوجئی	۱۷ر		۰	۱۰ ۸ر	۰	۱۰ر	
عدس	۰	۰	۰	۰	۰	۱۷ر	
ارہر	۰		۰	۰	۰	۱۹ر	
برنج	۰		۱۰ ۳ر	۱۵ر	۰	۱۵ر	
روغن زرد	۱۴ر		عدم چھٹانک	۱۰ر	۱۰ر	۸ چھٹانک	
روغن سیاہ	۱ ۱ر		۱۱ر	۱ ۱ر	۱ ۱ر	۱۰ ۱ر	
روغن کنجد	۱ ۱ر		۱۱ر	۱ ۱ر	۱۱ر	۱۱ر	
نمک سامبھر	۱۲ر		۱۲ر	۱۱ر	۱۱ر	۱۲ر	
نمک لاہوری	۱۷ر		۱۹ر	۱۵ر	۰	۱۸ر	
قند سیاہ	۰		۱۵ر	۱۵ر	۱۵ر	۱۵ر	
باجرہ	۱۰ ۵ر			۱۷ر	۰	۰	